© rasailojaraid.com



مصنّف نے سعودی عرب میں غیرملکیوں کے لیے نظامِ کفالی پر تنقید کرتے ہوئے کہا ہے کہ عصرِحاضر میں نظامِ کفالی دراصل رواجِ غلامی کی ترقی یافتہ شکل ہے (ص ۷۱)۔ بعض کفیل صرف دستخط کرنے کے عوض غیرملکیوں سے بھاری رقم وصول کرتے ہیں۔ غیرملکی مزدوروں کے ساتھ زیادتی کے متعدد واقعات کی نشان دہی بھی کی گئی ہے۔

مجموعی حیثیت سے یہ تبصرے تعمیری ہیں۔ وہ مسلم معاشروں کی حالت پر افسردہ خاطر ہیں اور مسلمانوں کو اتحاد کا درس دیتے ہیں۔ یہ مجموعہ پہلے دہلی سے چھپا تھا۔ پاکستانی ناشر نے اِس نوٹ کے ساتھ شائع کیا ہے کہ ''پبلشر کا مصنّف سے کامل اتفاق ضروری نہیں''۔ (رفیع الدین ہاشمی)

## تعارف کتب

◉ **امام الانبیاؐ کا سفرِحج**، انجینیر محمد ارشد۔ ناشر: مثال پبلشرز، رحیم سنٹر، پریس مارکیٹ، امین پور بازار، فیصل آباد۔ فون: ۰۳۰۰-۶۶۶۸۲۸۴۔ صفحات: ۲۴۰۔ قیمت: ۵۰۰ روپے۔ [اس کتاب کا مقصد رسولؐ اللہ کے حج وعمرے کے طریقے (سنت) و واقعات کو ایک مسلمان تک پہنچانا ہے'' تاکہ وہ ان عبادات میں آپ کا اتباع اختیار کرسکے (مصنّف)۔ ۳۱ عنوانات کے تحت آپؐ کے حج اور عمرے کے اَسفار کا ذکر احادیث کے حوالے سے کیا گیا ہے، مثلاً یہ کہ مسجدالحرام میں آپؐ کب اور کس طرح داخل ہوئے، اور آپؐ نے وہاں کیا فرمایا، یا مثلاً مزدلفہ کے قیام میں آپؐ نے کیا کچھ کیا اور فرمایا، وغیرہ۔ حج اور عمرے کے عازمین کے لیے یہ ایک مفید کتاب ہے۔]

◉ **حرف حرف روشنی**، ترتیب و تالیف: احمد علی محمودی۔ ملنے کا پتا: ندائے ملت پبلی کیشنز، دارالسلام، عزیزآباد کالونی، وہاڑی روڈ، حاصل پور (ضلع بہاول پور)۔ فون: ۰۳۳۳-۶۳۴۷۵۷۲۔ صفحات: ۴۹۔ قیمت: ۶۰ روپے۔ [اقوالِ زریں اور حکمت و دانش پر مبنی مختصر اور جامع نصائح۔ علمی و ادبی ورثے سے عمدہ انتخاب، نیز بچوں کی تعلیم و تربیت کے لیے رہنمائی۔ تزکیہ و تربیت اور سوشل میڈیا پر مختصر پیغامات اور دعوت کے لیے مفید کتابچہ۔]

---

رسالے کے بارے میں اپنی رائے اور تاثرات ارسال کیجیے

- برائے ایس ایم ایس: 0307-4112700
- ادارتی امور: tarjumanq@gmail.com
- انتظامی امور: tarjuman@tarjumanulquran.org
- ویب سائٹ: www.tarjumanulquran.org

© rasailojaraid.com